# CSSA

Urdu 巴基斯坦語

# جامع سوشل سیکیورٹی امداداسکیم

## Comprehensive Social Security Assistance Scheme

December 2021

社會福利署
Social Welfare Department

آدمی کو بڑھاپے، معذوری، بیماری، بے روزگاری اور کم کمائیوں جیسی متعدد وجوہات کی بنا پر مالی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ جامع سوشل سیکیورٹی امداد (سی ایس ایس اے) اسکیم اس طرح کے افراد اور خاندانوں کی آمدنی کو مجوزہ سطح تک لانے کے لئے تیار کی گئی ہے تاکہ وہ اپنی بنیادی ضروریات پوری کر سکیں۔ اسکیم کا انتظام محکمۂ سماجی بہبود (ایس ڈبلیو ڈی) کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور اس کا مقصد خود کو مالی طور پر سنبھال نہ پانے والے افراد کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ یہ اسکیم غیرمشارکتی ہے مگر یہ آدمی کے وسائل کی جانچ پر منبی ہے۔

## 1. اہلیت کے معیار

امداد کا اہل ہونے کے لئے، درخواست گزار کے اندر درج ذیل شرائط کا ہونا ضروری ہے:

### A. رہائش کی شرط

درخواست گزار کے لئے ضروری ہے کہ وہ:

(a) ہانگ کانگ کا باشندہ ہو؛

(b) اسے کم از ایک سال سے ہانگ کانگ باشندہ کی حالت حاصل ہو؛ اور

(c) ہانگ کانگ میں کم از کم ایک سال سے رہائش پذیر ہو (ہانگ کانگ کے باشندہ کی حالت حاصل کرنے کے وقت سے لے کر درخواست سے پہلے کی تاریخ سے پہلے تک)۔ ایک سالہ رہائش کا مسلسل ہونا یا درخواست کی تاریخ سے فوراً پہلے ہونا ضروری ہے۔ درخواست کی تاریخ سے پہلے ہانگ کانگ سے زیادہ سے زیادہ 56 دنوں تک کی عدم موجودگی(عدم موجودگیاں) (چاہے مسلسل یا وقفہ وقفہ سے) ہانگ کانگ میں رہائش سمجھی جاتی ہے (ہیں)۔

نوٹس:

(1) ہانگ کانگ میں غیرقانونی موجودگی والے افراد اور ہانگ کانگ میں رہائش کے علاوہ یگر مقصد سے داخل افراد (یعنی مہاجرت انضباط باب 115A کے ضابطہ 2 میں تجویز کردہ قیام کی شرائط کے تابع افراد، جیسے کہ درآمد کردہ کارکنان اور زائرین) سی ایس ایس اے اسکیم سے خارج ہیں۔

(2) سی ایس ایس اے کے لئے درخواست دینے والے 18 سال سے کم عمر والے ہانگ کانگ کے باشندے اوپر کے سیکشن (b) اور (c)میں بیان کردہ تقاضوں سے مستثنی ہیں۔

(3) استثنائی حالات میں، سماجی بہبود کے ڈائریکٹر کی صوابدید پر سی ایس ایس اے رہائش کے تقاضوں کو پورا نہ کرنے والے شخص کوعطا کی جا سکتی ہے۔

## B . مالی جانچیں

درخواست گزار کا آمدنی اور اثاثہ جات دونوں سے متعلق جانچوں کو پاس کرنا ضروری ہے۔ اگر درخواست گزار خاندان کے کسی دیگر شخص کے ساتھ رہ رہا ہے تو، درخواست ایک گھرانہ بنیاد پر کی جانی ہو گی۔ امداد کے لئے خاندان کی اہلیت کی تعیین کے لئے ایک ہی گھرانے کے سبھی افراد خاندان کی مجموعی آمدنی اور اثاثہ جات کا لحاظ کیا جاتا ہے۔

(a) آمدنی کی جانچ

درخواست گزار اور اس کے خاندان کے سی ایس ایس اے کے لئے اہل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ان کی مجموعی قابل محصول ماہانہ گھرانہ آمدنی اس اسکیم کے تحت تسلیم کردہ شرائط کے مطابق ان کی مجموعی ماہانہ ضروریات پوری کرنے کے لئے ناکافی ہو۔

(b) اثاثہ کی جانچ

درخواست گزار اور اس کے خاندان کے افراد کے کیپٹل اثاثہ جات* کی مجموعی قدر (زمین/جائیداد، نقد، بینک کی بچتوں، بیمہ پالیسیوں کی نقدی قدر، سالانہ وظیفہ کی اسکیموں کی ماقبل حوالگی/حوالگی قدر، اسٹاکس اور حصص میں سرمایہ کاریاں، اور دیگر فوراً قابل حصول اثاثہ جات) تجویز کردہ حد سے زیادہ نہ ہوں۔

*ہانگ کانگ، مکاؤ، مین لینڈ یا بیرون ملک سمیت

### C. صحتمند بالغ افراد کے لئے اضافی معیار

15 سے 59سال کے معمول کی صحت والے افراد اگر بے روزگار ہیں یا ان کی کمائیاں یا کام کے گھنٹے ایس ڈبلیو ڈی کے ذریعہ تجویز کردہ سطحوں سے کم ہیں تو انھیں سرگرمی کے ساتھ کل وقتی نوکریاں تلاش کرنی چاہئیں اور ایس ڈبلیو ڈی کی خود انحصاری اسکیم کے لئے معاونت میں شرکت کرنی چاہئے۔

## 2. درخواست کیسے دیں

درخواست گزار اپنی رہائش کے مقام سے قریب واقع کسی سوشل سیکیورٹی فیلڈ کے یہاں فون، فیکس، ای میل، ڈاک یا خود جا کر براہ راست درخواست کر سکتا ہے۔ سوشل سیکیورٹی فیلڈ یونٹس کے پتہ یا فون نمبرات کے لئے، آپ ہمارے محکمہ جاتی ہوم پیج کو http://www.swd.gov.hk/en/index/site_pubsvc/page_socsecu/sub_addressesa/ پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

A person may suffer financial hardship for various reasons such as old age, disability, illness, unemployment and low earnings. The Comprehensive Social Security Assistance (CSSA) Scheme is designed to bring the income of such individuals and families up to a prescribed level to meet their basic needs. This Scheme is administered by the Social Welfare Department (SWD) to provide a safety net for those who cannot support themselves financially. It is non-contributory but means-tested.

## 1. Eligibility Criteria

To be eligible for assistance, an applicant must satisfy the following conditions:

### *A. Residence Requirement*

The applicant must:

(a) be a Hong Kong resident;

(b) have held the Hong Kong resident status for not less than one year; and

(c) have resided in Hong Kong for at least one year (since acquiring the Hong Kong resident status to the date prior to the date of application). The one-year residence need not be continuous or immediately before the date of application. Absence(s) from Hong Kong up to a maximum of 56 days (whether continuous or intermittent) before the date of application is/are treated as residence in Hong Kong.

Notes:

(1) Persons whose presence in Hong Kong are unlawful and persons admitted to Hong Kong for a purpose other than residence (i.e. those who are subject to conditions of stay prescribed in Regulation 2 of the Immigration Regulation Cap. 115A, such as imported workers and visitors) are excluded from the CSSA Scheme.

(2) Hong Kong residents aged below 18 applying for CSSA are exempted from the requirements at (b) and (c) above.

(3) In exceptional circumstances, CSSA may be granted at the discretion of the Director of Social Welfare to a person who does not satisfy the residence requirement.

### B. *Financial Tests*

The applicant must pass both the income and asset tests. If the applicant is living with any other family members, the application has to be made on a household basis. The total income and assets of all family members in the same household are taken into account in determining the family's eligibility for assistance.

(a) Income Test

The applicant and his/her family will be eligible for CSSA if their total assessable monthly household income is insufficient to meet their total monthly needs as recognized under the Scheme.

(b) Asset Test

The total value of the capital assets* (including land/properties, cash, bank savings, cash value of insurance policies, pre-surrender/surrender value of annuity schemes, investments in stocks and shares, and other readily realizable assets) of the applicant and his/her family members must not exceed the prescribed limit.

* *including those in Hong Kong, Macao, the Mainland or overseas*

### C. *Additional Criteria for Able-bodied Adults*

Persons aged 15 to 59 in normal health should actively seek full-time jobs and participate in the Support for Self-reliance Scheme of the SWD if they are unemployed or with monthly earnings or working hours less than the prescribed levels set by the SWD.

## 2. How To Apply

A person can make an application directly to a social security field unit near to his/her place of residence by phone, by fax, by e-mail, by post or in person. An application may also be made through a referral to the SWD by another government department or a non-governmental organization. For addresses and telephone numbers of social security field units, you may visit our Departmental Homepage at

http://www.swd.gov.hk/en/index/site_pubsvc/page_socsecu/sub_addressesa/.